UNIVERSITY OF CAMBRIDGE INTERNATIONAL EXAMINATIONS
General Certificate of Education Advanced Level

**URDU** **9686/04**

Paper 4 Texts **May/June 2007**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

*6517771919*

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are not permitted.
You may take unannotated set texts into the examination.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

جواب لکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھ لیں۔

اگر آپ کو جواب لکھنے کی کاپی مہیا کی گئی ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر ہر جوابی کاپی پر لکھیں۔
صفحات کے دونوں طرف گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے جوابات لکھیں۔
اسٹیپلز، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند یا کرکشن فلوئیڈ استعمال نہ کریں۔
لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ ایسی نصابی کتابیں کمرۂ امتحان میں لے جا سکتے ہیں جن پر ہاتھ سے کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیں لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے، ناول یا ڈرامے سے ہونا چاہیئے۔ آپ کے لئے پہلے اور دوسرے حصے سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔

اپنے جواب اردو میں لکھیں۔
آپ کا ہر جواب **500** سے **600** الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔
اس پرچے میں دیئے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔
امتحان کے آخر میں تمام جوابی کاپیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

SP (SC/TL) T25972/3
© UCLES 2007

UNIVERSITY *of* CAMBRIDGE
International Examinations

**[Turn over**

## Section 1

**1** Muntakhab Ghazlein

## ا۔ منتخب غزلیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

وہ بتوں نے ڈالے ہیں وسوسے کہ دلوں سے خوف خدا گیا
وہ پڑی ہیں روز قیامتیں کہ خیال روز جزا گیا
جو نفس تھا خار گلو بنا ، جو اٹھے تو ہاتھ لہو ہوئے
وہ نشاط آہ سحر گئی، وہ وقار دست دعا گیا
نہ وہ رنگ فصل بہار کا نہ روش وہ ابر بہار کی
جس ادا سے یار تھا آشنا وہ مزاج باد صبا گیا
جو طلب پہ عہد وفا کیا تو وہ آبروئے وفا گئی
سر عام جب ہوئے مدعی تو ثواب صدق و صفا گیا
ابھی بادبان کو نہ رکھو ابھی مضطرب ہے رخ ہوا
کسی راستے میں ہے منتظر وہ سکوں جو آگے چلا گیا

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجئے۔

(ii) ''فیض نے غزل کی روایتی اصطلاحات کو نئے معنی دیئے ہیں''۔ مندرجہ بالا غزل کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجئے۔

یا

(ب) میر تقی میر کو خدائے سخن کیوں کہا جاتا ہے۔ اشعار کے حوالے سے اس بارے میں اپنی رائے کا اظہار کیجئے۔ [25]

© UCLES 2007

2 Muntakhab Nazmein

## ۲۔ منتخب نظمیں

سوال (الف) اورسوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

برتراز اندیشۂ سود و زیاں ہے زندگی
ہے کبھی جاں اور کبھی تسلیم جاں ہے زندگی

تو اسے پیمانۂ امروز و فردا سے نہ ناپ
جاوداں پیہم دواں، ہر دم جواں ہے زندگی

اپنی دنیا آپ پیدا کر اگر زندوں میں ہے
سِرِّ آدم ہے ضمیر کن فکاں ہے زندگی

زندگانی کی حقیقت کوہکن کے دل سے پوچھ
جوئے شیر و تیشۂ و سنگ گراں ہے زندگی

بندگی میں گھٹ کے رہ جاتی ہے اک جوئے کم آب
اور آزادی میں بحر بیکراں ہے زندگی

(i) مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح کیجئے۔

(ii) ''علامہ اقبالؔ کی شاعری نے مسلمانوں کو خواب غفلت سے بیدار کیا اور ان میں آزادی کا جذبہ پیدا کیا''۔ مندرجہ بالا اشعار کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجئے۔

یا

(ب) کن عناصر نے نظیر اکبرآبادی کو اردو کا سب سے بڑا عوامی شاعر بنا دیا۔ تفصیل سے لکھیے۔ [25]

**3** Urdu Ké Tera Afsané

## ۳۔اردو کے تیرہ افسانے

سوال (الف) اورسوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

معلوم نہیں یہ بات معقول تھی یا غیر معقول، بہر حال دانشمندوں کے فیصلے کے مطابق اِدھر اُدھر اونچی سطح کی کانفرنسیں ہوئیں اور بالآخر ایک دن پاگلوں کے تبادلے کے لیے مقرر ہو گیا۔ اچھی طرح چھان بین کی گئی۔ وہ مسلمان پاگل جن کے لواحقین ہندوستان ہی میں تھے، وہیں رہنے دیئے گئے تھے۔ جو باقی تھے ان کو سرحد پر روانہ کر دیا گیا۔ یہاں پاکستان میں چونکہ قریب قریب تمام ہندو سکھ جا چکے تھے۔ اس لیے کسی کو رکھنے رکھانے کا سوال ہی نہ پیدا ہوا۔ جتنے ہندو سکھ پاگل تھے سب کے سب پولیس کی حفاظت میں بارڈر پر پہنچا دیئے گئے۔

(i) بارڈر پر کیا واقعات رونما ہوئے؟

(ii) ''پاگلوں کے تبادلے کا فیصلہ بذاتِ خود ایک احمقانہ قدم تھا''۔ آپ کس حد تک اس بیان سے اتفاق کرتے ہیں؟

یا

(ب) شطرنج کے کھلاڑی میں لکھنؤ کی تہذیبی، سماجی اور سیاسی زوال کی داستان بڑے موثر انداز سے پیش کی گئی ہے۔ اس بارے میں اپنی رائے تفصیل سے لکھیے۔ [25]

## Section 2

**4** Umrao Jan Ada, Mirza Hadi Ruswa

### ۴۔امراؤ جان ادا، مرزا ہادی رُسوا

(الف) امراؤ جان ادا کے اس قدر گھناؤنے پیشے کے باوجود اس سے نفرت نہیں ہوتی بلکہ اس پر ترس آتا ہے۔اس بارے میں تفصیلی تبصرہ کیجئے۔

یا

(ب) '' امراؤ جان ادا '' لکھنؤ کے معاشرے کی بہترین عکاسی ہے۔بحث کیجئے۔ [25]

**5** Aangan, Khadijah Mastoor

### ۵۔آنگن۔خدیجہ مستور

(الف) '' آنگن ''میں مسلمانوں کی معاشرتی اور سیاسی زندگی کی بڑی خوبصورت انداز سے عکاسی کی گئی ہے۔اس بارے میں اپنی رائے تفصیل سے لکھیے۔

یا

(ب) واقعات کے حوالے سے عالیہ کے کردار کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔ [25]

**6** Anar Kali, Imtiaz Ali Taj

### ٦۔انارکلی، امتیاز علی تاج

(الف) ڈرامہ انارکلی میں دل آرام کے کردار کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

یا

(ب) ''ڈرامہ انارکلی میں اکبر انارکلی سے خوفزدہ نظر آتا ہے''۔واقعات کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجئے۔ [25]

© UCLES 2007

**BLANK PAGE**

**BLANK PAGE**

BLANK PAGE

*Copyright Acknowledgements:*

Questions 1–6 © Salim Akhtar, *Naya Urdu Nisaab*; Sang-e-Meel; 2003.

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

University of Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.